بینک دولت پاکستان

شعبہ انفرا اسٹرکچر ہاؤسنگ اور ایس ایم ای فنانس

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

آئی ایچ اینڈ ایس ایم ای ایف ڈی سرکلر نمبر 13 برائے 2020ء 20 نومبر 2020ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز

تمام بینک / ڈی ایف آئیز

محترم / محترمہ

مکان کے قرضوں کے نظر ثانی شدہ محتاطیہ ضوابط

مذکورہ موضوع پر آئی ایچ اینڈ ایس ایم ای ایف ڈی سرکلر نمبر 03 بتاریخ 18 اپریل 2017ء ملاحظہ فرمائیے۔

مکان کے قرضوں کی ترقی میں مزید سہولت دینے کی غرض سے ہاؤسنگ فنانس کے محتاطیہ ضوابط (پی آرز) پر نظر ثانی کی گئی ہے۔ لہٰذا، مکان کے قرضوں (ہاؤسنگ فنانس) کے ضابطہ ایچ ایف۔4 میں نرمی کرتے ہوئے بینکوں کو اجازت دی گئی ہے کہ وہ قرض لینے والے شخص کے ایکویٹی کے مجوزہ 15 فیصد حصے کو پورا کرنے کے لیے سیال تمسکات (liquid securities) یا کسی دوسری رہائشی جائیداد کو قبول کریں۔ بینکوں کے لیے ضروری ہو گا کہ وہ سیال تمسکات / ایکویٹی کے حصے کے طور پر قبول کردہ کوئی اور رہائشی پراپرٹی پر استحقاق / تخلیق کریں اور قرضے کی مجموعی رقم اس رہائشی یونٹ کی مالیت سے متجاوز نہ ہو، جس پر قرضہ دیا جا رہا ہے۔

اس نرمی کا اطلاق سرکلر جاری ہونے کے بعد بینکوں / ڈی ایف آئیز کی جانب سے دیے جانے والے مکانات کے نئے قرضوں پر ہو گا۔

براہ مہربانی وصولی سے مطلع فرمائیے۔

آپ کا مخلص

(ڈاکٹر میاں فاروق حق)

ڈائریکٹر